© rasailojaraid.com

# قافلۂ آخرت

○ مولانا محمد عبید اللہ رحمتہ اللہ علیہ: مولانا محمد عبید اللہ ۳۱ر جولائی ۲۰۰۲ء کو اس جہان فانی سے رحلت فرما گئے۔ مرحوم امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے معتقد اور شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمتہ اللہ علیہ کے شاگردِ رشید اور دیوبند کے فاضل تھے۔ مولانا محمد عبید اللہ مرحوم اولاً تبلیغی پرچم اٹھا کر نکلے مگر مولانا گل شیر کی شہادت (۱۹۴۰ء) نے انہیں احرار کا نقیب بنا دیا۔ ۱۹۵۳ء میں تحفظِ ختم نبوت کی تحریک میں ریاست بہاول پور میں ان کے ولولہ انگیز خطبات نے تہلکہ مچا دیا۔ جس کے نتیجے میں انہیں چھ ماہ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنا پڑیں۔ مرحوم کے بڑے صاحبزادے پروفیسر سیف اللہ خالد (گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور) پاکستان کے نامور نقاد، محقق اور شاعر کی حیثیت سے معروف ہیں۔ ان کی تحریروں میں حق گوئی و بے باکی کے عناصر ان کے ''احراری'' ہونے کا پتہ دیتے ہیں۔

○ مولانا عبدالقادر آزاد رحمہ اللہ: بادشاہی مسجد لاہور کے سابق خطیب مولانا عبدالقادر آزاد گزشتہ ماہ لاہور میں انتقال کر گئے۔

○ مولانا کرم الٰہی فاروقی رحمہ اللہ: ضلع وہاڑی کی معروف مذہبی شخصیت اور خطیب باغ والی مسجد وہاڑی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

○ حافظ محمد صدیق خان میواتی مرحوم: لاہور میں ہمارے کرم فرما شبیر احمد خان میواتی کے برادر بزرگ حافظ محمد صدیق خان میواتی ۶ رشوال ۱۴۲۳ھ کو جرانوالہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم نہایت صالح اور متقی انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ذوق مطالعہ سے بھی خوب نوازا تھا۔

○ ناصر محمود تارڑ مرحوم: مجلس احرار اسلام مرید کے (ضلع شیخوپورہ) کے نوجوان مخلص کارکن ناصر محمود تارڑ ۲۶ ردسمبر ۲۰۰۲ء بروز جمعرات انتقال کر گئے۔ مرحوم حکیم محمد صدیق تارڑ رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند اور محترم علامہ خالد محمود تارڑ کے بھائی تھے۔

○ عزیز الرحمٰن چوہان مرحوم: مجلس احرار اسلام بستی مولویان (ضلع رحیم یار خان) کے رہنما اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن مولانا فقیر اللہ رحمانی کے بھتیجے اور مولوی نور اللہ صاحب کے جواں سال فرزند عزیز الرحمٰن ۲۸ ردسمبر ۲۰۰۲ء بروز ہفتہ خان پور کے قریب ٹریفک حادثہ میں انتقال کر گئے۔

○ پروفیسر جمیل احمد قریشی مرحوم: معروف ماہر تعلیم پروفیسر جمیل احمد قریشی (برادر بزرگ ڈاکٹر محمد یوسف قریشی) ۱۹ رجنوری کو ملتان میں وفات پا گئے۔

○ مہر گل محمد مرحوم: معروف ماہر تعلیم اور ہمارے مہربان مہر گل محمد مرحوم گزشتہ ماہ ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کا تعلق سرائے سدھو ضلع خانیوال سے تھا۔ فروغِ تعلیم اور سماجی خدمات کے حوالے سے وہ ہمیشہ سرگرم رہے۔

○ نور محمد خان مرحوم: ملتان میں ہمارے قدیمی معاون اور مہربان' نور محمد خان ۳۰ ردسمبر ۲۰۰۲ء کو انتقال کر گئے۔

○ میاں مشتاق احمد دھنوتر مرحوم: مدرسہ معمورہ' معاویہ نگر (مہر پور' ضلع مظفر گڑھ) کے خصوصی معاون میاں مشتاق


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احمد دھنوتر ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ کو انتقال کر گئے۔ مرحوم میاں خورشید احمد اور میاں ظفر احمد کے بڑے بھائی تھے۔

- حاجی سلیمان صدیقی مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے معاون حاجی سلیمان صدیقی یکم نومبر ۲۰۰۲ء کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔
- حاجی رانا محمد شریف مرحوم: ملتان میں ہمارے معاونین رانا خالد محمود ایڈووکیٹ اور ڈاکٹر رانا محمد ارشد کے والد، رانا محمد شریف گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔
- والدہ مرحومہ حاجی غلام رسول نیازی: مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن حاجی غلام رسول نیازی کی والدہ ماجدہ اور حضرت صوفی عبدالرحیم نیازی مرحوم کی بیوہ ۲؍ جنوری بروز جمعرات فیصل آباد میں انتقال کر گئیں۔
- حافظ غلام رسول مرحوم: گزشتہ ماہ چیچہ وطنی میں، جماعت کے قدیم معاون حافظ غلام رسول انتقال کر گئے۔
- حاجی محمد عمر مرحوم: چیچہ وطنی میں جماعت کے نوجوان رفیق حاجی محمد عمر صراف ۱۷؍ جنوری کو انتقال کر گئے
- میر غیاث الدین احمد مرحوم: چیچہ وطنی میں رضوان الدین احمد صدیقی کے عم زاد اور ہمارے مہربان میر غیاث الدین احمد گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔
- حاجی محمد عبدالغنی مرحوم: لاہور میں ہمارے کرم فرما محترم میاں ریاض الحق فاروق (سُنی پبلشرز، لاہور) اور محترم ڈاکٹر محمد الیاس فیصل (مدینہ منورہ) کے والدِ محترم حاجی محمد عبدالغنی ۲؍ جنوری کو انتقال کر گئے۔
- چیچہ وطنی میں ہمارے رفیقِ فکر چودھری محمد اشرف کی پھوپھی صاحبہ ۲۱؍ جنوری کو انتقال کر گئیں۔
- ہمارے قدیمی مہربان قاری محمد ابراہیم صاحب (فیصل آباد) کے بھائی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔
- ڈیرہ اسماعیل خان میں ہمارے معاونین محترم محمد جاوید اعوان اور طارق اعوان کی والدہ ۲۹؍ دسمبر ۲۰۰۲ء کو انتقال کر گئیں۔
- مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسماعیل خان کے نائب صدر محترم حافظ فتح محمد کے والد ۱۵؍ جنوری ۲۰۰۳ء کو وفات پا گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے! آمین۔ (ادارہ)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن محترم محمد عاطف کے چھوٹے بھائی محترم محمد اویس گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔
- محترم پروفیسر محمد اقبال خان میرانی (ماہڑہ، ضلع مظفر گڑھ) طویل عرصہ سے شدید علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی اپیل کی جاتی ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com